[AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

A

Bill

*further to amend the National School of Public Policy Ordinance, 2002*

WHEREAS it is expedient further to amend the National School of Public Policy Ordinance, 2002 (XCIX of 2002) in the manner and for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows: -

1. **Short title and commencement.** — (1) This Act shall be called the National School of Public Policy (Amendment) Act, 2025.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 5, Ordinance XCIX of 2002.** — In the National School of Public Policy Ordinance, 2002 (XCIX of 2002), hereinafter called as the said Ordinance, in section 5, in sub-section (2), -

(a) in clause (d), for the words "Federal Government", the words "Prime Minister" shall be substituted;

(b) in clause (e), for the words "Federal Government", the words "Prime Minister" shall be substituted; and

(c) in clause (ea), for the words "each of the provincial governments", the words "the Chief Minister of each province" shall be substituted.

3. **Amendment of section 11, Ordinance XCIX of 2002.** — In the said Ordinance, in section 11, in sub-section (2), -

(a) the words "by the Federal Government" shall be omitted;

(b) after the word "rules", the word "or regulations", shall be inserted;

(c) for the second proviso, the following shall be substituted, namely:–

"Provided further that no retired civil servant shall be appointed under the first proviso unless he fulfills the required criteria;"; and

(d) after the second proviso the following third proviso shall be added, namely: -

"Provided also that where a civil servant is appointed or posted as directing staff, his terms and conditions of service, including pay fixation, shall be regulated in accordance with the rules and regulations applicable to him.".

4. **Amendment of section 13, Ordinance XCIX of 2002.** - In the said Ordinance, in section 13, in sub-section (1), for the words "Federal Government", the word "Board" shall be substituted.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The Cabinet in its meeting held on 8th November, 2017 while considering the summary submitted by Petroleum Division regarding appointment of Director General Hydrocarbon Development Institute of Pakistan (HDIP) inter-alia decided that all Ministries and Divisions should in consultation with Law and Justice Division, make amendments in the respective Acts/Rules and replace the words Federal Government with appropriate authority (ies)". The bill seeks to achieve the aforesaid object.

**Minister-in-Charge**

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

# قومی اسکول برائے پبلک پالیسی آرڈیننس، ۲۰۰۲ کومزید ترمیم کرنے کا بل

ہرگاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ قومی اسکول برائے پبلک پالیسی آرڈیننس ۲۰۰۲ (۹۹ مجریہ ۲۰۰۲) کو ایسے طریقہ کار پر اور بعد ازیں رونما ہونے والی اغراض کے لیے ترمیم کیا جائے۔

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

**۱۔ مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ ایکٹ قومی اسکول برائے پبلک پالیسی (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۵ کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

**۲۔ آرڈیننس ۹۹ مجریہ ۲۰۰۲ کی، دفعہ ۵ کی ترمیم:۔** قوم اسکول برائے پبلک پالیسی ۲۰۰۲ (۹۹ مجریہ ۲۰۰۲)، بعد ازیں جس کا حوالہ مذکورہ آرڈیننس کے طور پر دیا گیا ہے، کی دفعہ ۵، کی دفعہ ذیلی دفعہ (۲) میں، ۔۔۔

(الف) شق (د) میں، الفاظ ''وفاقی حکومت'' کو الفاظ ''وزیر اعظم'' سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

(ب) شق (ہ) میں، الفاظ ''وفاقی حکومت'' کو الفاظ ''وزیر اعظم'' سے تبدیل کر دیا جائے گا؛ اور

(ج) شق (ہ الف) میں، الفاظ ''ہر ایک صوبائی حکومتیں'' کو الفاظ ''ہر ایک صوبے کا وزیر اعلیٰ'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

**۳۔ آرڈیننس ۹۹ مجریہ ۲۰۰۲ کی، دفعہ ۱۱ کی ترمیم:۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۱۱ کی، ذیلی دفعہ (۲) میں، ۔

(الف) الفاظ ''وفاقی حکومت کی جانب سے'' کو حذف کر دیا جائے گا؛

(ب) لفظ ''قواعد'' کے بعد، لفظ ''یا ضوابط'' کو شامل کر دیا جائے گا؛

(ج) دوسرے فقرہ شرطیہ کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''مزید شرط یہ ہے کہ کسی بھی ریٹائرڈ سول ملازم کو پہلے فقرہ شرطیہ کے تحت تقرر نہ کیا جائے گا تاوقتیکہ وہ مطلوبہ معیار پر پورا نہ اُترتا ہو؛''؛ اور

(د) دوسرے فقرہ شرطیہ کے بعد، حسب ذیل تیسرے فقرہ شریطہ کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی :۔

''یہ بھی شرط ہے کہ جہاں سول ملازم کو عملے کی ہدایت دینے والے، کے طور پر تقرر یا پوسٹ کیا گیا ہو تو اس کی ملازمت کی قیود و شرائط، جس میں تنخواہ کا تعین شامل ہے، اس پر لاگو قواعد و ضوابط کی مطابقت میں منضبط کی جائیں گی۔''۔

**۴۔ آرڈیننس ۹۹ مجریہ ۲۰۰۲ کی، دفعہ ۱۳ کی ترمیم :۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۱۳ کی، ذیلی دفعہ (۱) میں، الفاظ ''وفاقی حکومت کو، لفظ ''بورڈ'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

## بیان اغراض و وجوہ

کابینہ نے ۸ نومبر/ ۲۰۱۷ کو منعقدہ اپنے اجلاس میں، پڑولیم ڈویژن کی پیش کردہ ہائیڈرکاربن ڈویلپمنٹ انسٹیوٹ پاکستان (HDIP) کے ڈائریکٹر جنرل کی سمری پر غور و خوض کے دوران منجملہ دیگر اس یہ فیصلہ کیا ہے تمام وزارتیں اور ڈویژنز کو وزارت قانون و انصاف کی مشاورت سے، متعلقہ قوانین اور ضوابط میں ترامیم کرنی چاہئیں اور لفظ وفاقی حکومت کو مناسب اتھارٹیز کے ساتھ بدل دینا چاہیئے۔ اس بل کا مقصد مذکورہ بالا مقاصد حصول ہے۔

وزیر انچارج